روزنامہ
الفضل
ٹیلیفون نمبر 047-6213029 C.P.L 29-FD
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

پیر 5 جون 2006ء 8 جمادی الاول 1427 ہجری 5 احسان 1385 ہش جلد 56-91 نمبر 121

عمارت کی مانند

حضرت ابوموسیٰ ؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:۔

ایک مومن دوسرے مومن کے لئے عمارت کی حیثیت رکھتا ہے جس کا ایک حصہ دوسرے کی تقویت کا باعث ہوتا ہے۔

(صحیح بخاری کتاب الصلوٰۃ باب تشبیک الاصابع حدیث نمبر:459)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

حضرت مسیح موعود سورۃ النحل آیت 91 کے حوالہ سے فرماتے ہیں

آیت کریمہ.........میں ایصال خیر کے تین درجوں کا بیان ہے۔

اول یہ درجہ کہ نیکی کے مقابل پر نیکی کی جائے۔ یہ تو کم درجہ ہے اور ادنیٰ درجہ کا بھلامانس آدمی بھی یہ خُلق حاصل کر سکتا ہے کہ اپنے نیکی کرنے والوں کے ساتھ نیکی کرتا رہے۔

دوسرا درجہ اس سے مشکل ہے اور وہ یہ کہ ابتداءً آپ ہی نیکی کرنا اور بغیر کسی کے حق کے احسان کے طور پر اس کو فائدہ پہنچانا۔ اور یہ خُلق اوسط درجہ کا ہے۔ اکثر لوگ غریبوں پر احسان کرتے ہیں اور احسان میں ایک یہ مخفی عیب ہے کہ احسان کرنے والا خیال کرتا ہے کہ میں نے احسان کیا ہے اور کم سے کم وہ اپنے احسان کے عوض میں شکریہ یا دعا چاہتا ہے اور اگر کوئی ممنون منت اس کا مخالف ہوجائے تو اس کا نام احسان فراموش رکھتا ہے۔ بعض وقت اپنے احسان کی وجہ سے اس پر فوق الطاقت بوجھ ڈال دیتا ہے اور اپنا احسان اس کو یاد دلاتا ہے جیسا کہ احسان کرنے والوں کو خدا تعالیٰ نے متنبہ کرنے کے لئے فرمایا ہے:۔(۔)

یعنی اے احسان کرنے والو! اپنے صدقات کو جن کی صدق پر بنا چاہئے احسان یاد دلانے اور دکھ دینے کے ساتھ برباد مت کرو یعنی صدقہ کا لفظ صدق سے مشتق ہے پس اگر دل میں صدق اور اخلاص نہ رہے تو وہ صدقہ صدقہ نہیں رہتا۔ بلکہ ایک ریاکاری کی حرکت ہوتی ہے۔ غرض احسان کرنے والے میں یہ ایک خامی ہوتی ہے کہ کبھی غصہ میں آ کر اپنا احسان بھی یاد دلا دیتا ہے اسی وجہ سے خدائے تعالیٰ نے احسان کرنے والوں کو ڈرایا۔

تیسرا درجہ ایصال خیر کا خدائے تعالیٰ نے یہ فرمایا ہے کہ بالکل احسان کا خیال نہ ہو۔ اور نہ شکر گزاری پر نظر ہو بلکہ ایک ایسی ہمدردی کے جوش سے نیکی صادر ہو جیسا کہ ایک نہایت قریبی مثلاً والدہ محض ہمدردی کے جوش سے اپنے بیٹے سے نیکی کرتی ہے۔ یہ وہ آخری درجہ ایصال خیر کا ہے جس سے آگے ترقی کرنا ممکن نہیں۔ لیکن خدائے تعالیٰ نے ان تمام ایصال خیر کی قسموں کو محل اور موقعہ سے وابستہ کر دیا ہے۔

(اسلامی اصول کی فلاسفی۔ روحانی خزائن جلد 10 ص 353)

قرب کا میدان خالی ہے

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

"تمہیں خوشخبری ہو کہ قرب پانے کا میدان خالی ہے۔ ہر ایک قوم دنیا سے پیار کر رہی ہے اور وہ بات جس سے خدا راضی ہو اس کی طرف دنیا کو توجہ نہیں وہ لوگ جو پورے زور سے اس دروازہ میں داخل ہونا چاہتے ہیں ان کیلئے موقع ہے کہ اپنے جوہر دکھلائیں اور خدا سے خاص انعام پاویں یہ مت خیال کرو کہ خدا تمہیں ضائع کر دے گا تم خدا کے ہاتھ کا ایک بیج جو زمین میں بویا گیا۔ خدا فرماتا ہے کہ یہ بیج بڑھے گا اور پھولے گا اور ہر ایک طرف سے اس کی شاخیں نکلیں گی اور ایک بڑا درخت ہو جائے گا۔"

(الوصیت۔ روحانی خزائن جلد 20 صفحہ 308)

(مرسلہ: سیکرٹری مجلس کارپرداز)

ضرورت سٹاف

❁ نظارت تعلیم کو اپنے ادارہ مریم گرلز ہائی سکول ربوہ میں مندرجہ ذیل سٹاف کی ضرورت ہے خدمت کے جذبہ سے کام کی خواہشمند خواتین صدر صاحب/امیر صاحب کی تصدیق کے ساتھ اپنی درخواستیں بنام ناظر تعلیم مورخہ 20 جون 2006ء تک نظارت تعلیم صدر انجمن احمدیہ میں پہنچا دیں۔

1۔ لیب اسسٹنٹ (خاتون) ایف ایس سی/بی ایس سی

2۔ لائبریرین (خاتون) لائبریری سائنس میں ماسٹرز/ڈپلومہ

3۔ پی ٹی آئی (خاتون) فزیکل ایجوکیشن میں جونیئر ڈپلومہ کم از کم (اس فیلڈ میں تجربہ رکھنے والی ترجیحاً)

(ناظر تعلیم)

درخواست دعا

☆ خدا تعالیٰ کی راہ میں قید کئے جانے والے مختلف احباب جماعت کی باعزت رہائی کیلئے درخواست دعا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان اسیران راہ مولیٰ کو اپنی حفظ و امان میں رکھے اور ان کو ہر قسم کی پریشانی سے بچائے۔ آمین

مشعل راہ

عالمی امن کے قیام کا رہنما اصول

حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں:۔

قرآن کریم نے لیگ آف نیشنز کے بعض اصول بیان کئے اور وضاحت کے ساتھ بیان فرمایا ہے کہ جب تک ان اصول پر لیگ آف نیشنز کی بنیاد نہیں رکھی جائے گی۔ اس وقت تک دنیا میں کبھی امن قائم نہیں ہو سکے گا۔ میں نے 1924ء میں اپنی کتاب احمدیت میں ان اصول کو قرآن کریم کی آیات کی روشنی میں بیان کیا تھا۔ .... اسی طرح جب میں ولایت گیا تو وہاں مختلف لیکچروں میں نہایت وضاحت اور تفصیل کے ساتھ میں نے ان اصول کا ذکر کیا۔ اس کے بعد 1935ء میں جلسہ سالانہ کے موقعہ پر میں نے اپنے ایک لیکچر میں جو سیاسیات عالم کے متعلق تھا اس امر کو پھر بڑی تفصیل سے بیان کیا تھا اور بتایا تھا کہ جب کسی قرآنی اصول پر لیگ آف نیشنز کی بنیاد نہیں رکھی جائے گی اس وقت دنیا بین الاقوامی جھگڑوں سے کبھی امن حاصل نہیں کر سکتی۔ یہ تمام اصول میری کتاب میں چھپے ہوئے موجود ہیں اور دنیا دیکھ سکتی ہے۔ کہ وہ کیسے پختہ اور شاندار اور کیسے زبردست اصول ہیں۔ آج لیگ آف نیشنز اگر اپنے مقصد میں ناکام ہوئی ہے تو اسی وجہ سے کہ ان اصول کو اس نے اپنے نظام میں شامل نہیں کیا تھا۔ انہی اصولوں میں سے ایک اصل میں نے یہ بیان کیا تھا کہ یہ خیال کر لینا کہ اس نظام کے قیام کے لئے کسی فوجی طاقت کی ضرورت نہیں نادانی اور حماقت ہے یہ نظام قائم نہیں ہو سکتا۔ جب تک اس کے ساتھ فوج کی بہت بڑی طاقت نہ ہو۔ تا کہ جب بھی کوئی قوم لیگ آف نیشنز کے فیصلہ کی خلاف ورزی کرے اس کے خلاف طاقت کا استعمال کر کے اسے اپنے ناجائز طریق عمل سے روک دیا جائے۔ غرض میں نے وضاحت کے ساتھ اس امر کا ذکر کر دیا تھا کہ لیگ آف نیشنز اس وقت تک صحیح معنوں میں قائم نہیں ہو سکتی اور نہ اپنے مقصد میں کامیاب ہو سکتی ہے جب تک اس کے ساتھ فوجی طاقت نہ ہو۔ میں نے یہ اصل اپنی کتاب میں بیان کیا۔ اپنے لیکچروں میں بیان کیا اور بار بار اس بات پر زور دیا مگر یورپین لوگوں کی طرف سے ہمیشہ یہی کہا گیا کہ یہ بالکل غلط ہے ہم تو دنیا کو لڑائی سے بچانا چاہتے ہیں۔ اور آپ پھر ایسی تجویز پیش کر رہے ہیں۔ جس میں فوج اور طاقت کا استعمال ضروری قرار دیا گیا۔ انگلستان میں جب میرے لیکچر ہوتے تو ان کے بعد عام طور پر لوگ یہی کہا کرتے کہ یہ تو وہی پرانی جنگی سپرٹ ہے جو دنیا میں پہلے سے قائم ہے ہمارے نزدیک یہ تجویز درست نہیں۔ ہم نے لیگ کے اصول ایسے رکھے ہیں۔ جن میں فوجی طاقت کو استعمال کرنے کی ضرورت پیش نہیں آ سکتی۔ اس کے اصول میں یہی روح کام کر رہی ہے۔ کہ فوجی طاقت سے نہیں بلکہ دوسروں کو سمجھا کر صلح اور پیار کی طرف مائل کیا جائے۔ اور اسے بدعنوانیوں سے روکا جائے۔ انسانی فطرت ایسی ہے کہ جب کسی غلط بات پر قائم ہو جائے تو خواہ اسے ہزار دفعہ کہا جائے وہ اپنی بات کو غلط تسلیم کرنے کے لئے تیار نہیں ہوتی۔ یورپین مدبرین نے اس وقت میری بات کو قابل اعتنا نہیں سمجھا۔ مگر آج تمام مدبرین یک زبان ہو کر کہہ رہے ہیں۔ کہ لیگ آف نیشنز کی ناکامی کی بڑی وجہ یہ ہے کہ اس کے پاس فوجی طاقت نہیں ہے اگر اس کے پاس فوجی طاقت ہوتی تو اس کا یہ انجام نہ ہوتا۔ حالانکہ یہ وہ اصول ہے جو قرآن کریم نے آج سے پونے چودہ سو سال پہلے سے بیان کیا ہوا ہے۔ قرآن کریم میں موجود ہے اور میں نے بڑی وضاحت سے آج سے کئی سال پہلے اس کا اپنی کتابوں اور اپنے لیکچروں میں ذکر کر دیا تھا۔

(مشعل راہ۔ جلد اول ص 374)

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

خدام الاحمدیہ کی ایک اہم ذمہ داری

❁ تحریک جدید کی عظمت اور عالمگیر ذمہ داریوں کے پیش نظر حضرت مصلح موعود نے خدام کو تحریک جدید سے بھرپور تعاون کے لئے فرمایا کہ آپ تحریک جدید کے والنٹیر زہیں اور مفصل ہدایات میں فرمایا

''جب بھی کوئی جماعتی تحریک ہو اپنے نوجوانوں کا جائزہ لیا جاتا رہے کہ اس میں انہوں نے کیا حصہ لیا ہے۔'' (مطالبات ص165)

اس ارشاد کے ماتحت مجالس خدام الاحمدیہ سے درخواست ہے کہ وہ اپنے خدام کا جائزہ لیں انہوں نے اس میں کیا حصہ لیا ہے۔ اگر کوئی خادم تا حال وعدہ پیش نہیں کر سکا۔ تو اولین موقع پر اس کار خیر کو انجام دیا جائے۔

(وکیل المال تحریک جدید)

اعلان برائے ڈومیسائل

❁ وہ تمام طلباء و طالبات جو امسال انٹرمیڈیٹ کا امتحان دے رہے ہیں اور اس کے بعد کسی حکومتی میڈیکل کالج، انجینئرنگ یونیورسٹی یا دیگر حکومتی پیشہ ور تعلیمی ادارہ جات میں داخلہ حاصل کرنا چاہتے ہیں ان کی اطلاع کے لئے تحریر ہے کہ ایسے ادارہ جات میں داخلہ حاصل کرنے کے لئے ڈومیسائل کا ہونا لازمی ہے اس لئے تمام طلباء و طالبات سے درخواست ہے کہ وہ جلد از جلد ڈومیسائل بنوا لیں تا کہ بعد کی مشکلات سے بچا جا سکے۔ (نظارت تعلیم)

سالانہ اجتماع خدام الاحمدیہ سپین میں پرتگال کے خدام کی شرکت

❁ مورخہ 29-30 اپریل و یکم مئی 2006ء کو پرتگال کے دس خدام و دو اطفال مجلس خدام الاحمدیہ سپین کے سالانہ اجتماع میں شریک ہوئے۔ علمی مقابلہ جات میں تلاوت نظم تقریر میں پرتگال کے خدام نے پہلی پوزیشنز حاصل کیں۔ بیت بازی میں بھی پرتگال کی ٹیم اول رہی۔ ورزشی مقابلہ جات میں کرکٹ، رسہ کشی، کلائی پکڑنا اور نشانہ بازی میں پرتگال کے خدام اول آئے۔ جبکہ والی بال، لانگ جمپ اور ہائی جمپ میں سپین کے خدام نے پہلی پوزیشنز حاصل کیں۔ مورخہ یکم مئی 2006ء کو مکرم امیر صاحب سپین نے انعامات تقسیم فرمائے دعا کے ساتھ یہ پروگرام اختتام پذیر ہوا۔

(نفیس احمد کاہلوں نائب صدر خدام الاحمدیہ پرتگال)

احمدی طالبہ کا اعزاز

❁ مکرم آصف جاوید صاحب چیمہ مربی ضلع لاہور تحریر کرتے ہیں کہ حلقہ دارالذکر لاہور کی مکرمہ فریحہ آصف صاحبہ بنت مکرم مرزا آصف بیگ صاحب نے یونیورسٹی انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی لاہور سے آرکیٹیکچرل انجینئرنگ میں اول پوزیشن حاصل کی ہے اور گولڈ میڈل کی حقدار قرار پائی ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کی کامیابی کو دین و دنیا کے لحاظ سے بابرکت فرمائے۔ آمین

ولادت

❁ مکرم رشید احمد صاحب دارالنصر وسطی ربوہ تحریر کرتے ہیں کہ خدا تعالیٰ نے محض اپنے فضل و کرم سے میرے بیٹے مکرم سعید احمد طارق صاحب کو 13 مئی 2006ء کو پہلے بیٹے سے نوازا ہے۔ نومولود کا نام شایان سعید تجویز ہوا ہے جو وقف نو کی بابرکت تحریک میں شامل ہے نومولود مکرم سمیع اللہ صاحب اعوان جرمنی کا نواسہ اور مکرم خوشی محمد صاحب آف اوکاڑہ کی نسل سے ہے۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے نومولود کو نیک، صالح، خادم دین اور والدین کیلئے قرۃ العین بنائے۔ آمین

نکاح

❁ مکرم محمد اکرم صاحب مغل پورہ لاہور تحریر کرتے ہیں کہ مورخہ 22 مارچ 2006ء بروز جمعرات بعد نماز مغرب گوندل بینکوئیٹ ہال ربوہ میں میرے بیٹے مکرم عطاء العلیم صاحب کے نکاح کا اعلان ہمراہ مکرمہ فائزہ نذیر صاحبہ مبلغ دو لاکھ روپے حق مہر پر مکرم مبشر احمد کاہلوں صاحب ناظر اصلاح وارشاد مقامی نے کیا اور دعا کروائی۔ مکرم عطاء العلیم صاحب بائیوٹیکنالوجی میں ڈاکٹریٹ کر رہے ہیں اور مکرمہ فائزہ نذیر صاحبہ ٹورانٹو یونیورسٹی (کینیڈا) سے ایم بی اے کا فائنل سمسٹر مکمل کر رہی ہیں اور یونیورسٹی سے تین مضامین میں سکالرشپ ہولڈر ہیں۔ عطاء العلیم صاحب مکرم چوہدری احمد خاں صاحب چک نمبر 43 جنوبی سرگودھا کے پوتے اور فائزہ نذیر صاحبہ مکرم چوہدری سردار محمد صاحب سراء ساہیوال کی پوتی ہیں۔ احباب کرام سے دعا کی درخواست ہے اللہ تعالیٰ اس نکاح کو بابرکت اور مثمر بثمرات حسنہ بنائے۔ آمین

درخواست دعا

❁ مکرم قیصر محمود گوندل صاحب سیکرٹری تحریک جدید حلقہ علامہ اقبال ٹاؤن لاہور کی ہمشیرہ شدید بیمار ہیں اور واپڈا ہسپتال لاہور میں داخل ہیں احباب جماعت سے شفاء کاملہ و عاجلہ کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

عورتوں کا حق وراثت اور ہماری ذمہ داریاں

ہر مخلص اقرار کرے کہ آئندہ وہ اپنی بیٹی، بہن، بیوی اور ماں کو وہ حصہ دے گا جو شریعت نے انہیں دیا ہے

ملک سعید احمد رشید صاحب

اللہ تعالیٰ کے فضل سے جماعت احمدیہ دین کو زندہ کرنے اس کی تعلیم کو دنیا میں رائج کر کے ایک جنت نظیر معاشرہ قائم کرنے کے لئے کوشاں ہے۔ ایسا جنت نظیر معاشرہ کہ جہاں عدل وانصاف اور مساوات کا بول بالا ہو۔ ''حقوق اللہ'' اور ''حقوق العباد'' نہایت احسن اور اعلیٰ پیرایہ میں ادا ہو رہے ہوں۔ کسی کی حق تلفی نہ ہو رہی ہو۔ کسی پر ظلم نہ ہو رہا ہو۔ کسی کا حق نہ دبایا اور چھینا جا رہا ہو۔ سب آپس میں بھائی بھائی بن کے پیار اور محبت سے زندگی گزار رہے ہوں۔ جیسا کہ حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ ''تم باہم ایسے ایک ہو جاؤ جیسے ایک پیٹ میں سے دو بھائی''۔

حقوق العباد میں ایک اہم حق جو کہ عورتوں سے تعلق رکھتا ہے۔ وہ ہے عورت کا ورثہ میں حصہ اور حق۔ جسے خدا تعالیٰ نے فرض وواجب قرار دیا ہے اور اس کی مختلف حیثیتوں کے اعتبار سے اسے ورثہ میں حقدار قرار دیا ہے۔ یعنی بیٹی کی حیثیت سے، بیوی کی حیثیت سے، ماں اور بہن کی حیثیت سے۔

چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے (-) (نساء:8) یعنی عورتوں کے لئے بھی ایک حصہ ہے اس (مال یا ترکہ) میں سے جو اس کے والدین یا (دیگر) اقارب چھوڑ جائیں۔ نصیباً مفروضاً۔ یعنی ایسا حصہ ہے جو فرض کیا گیا ہے۔

یعنی یہ عورتوں کا حصہ ادا کرنا ایسی چیز ہے جو فرض کر دیا گیا ہے۔ یہ نہیں کہ جس کی مرضی آئے ادا کرے اور جس کا جی چاہے نہ ادا کرے۔

پھر یہ ایسا حصہ ہے جو خدا نے مقرر کیا ہے اور جو یہ ادا نہیں کرے گا وہ لازماً۔ نافرمانی کا مرتکب اور سزا کا مستحق ٹھہرے گا۔

پھر سورۂ نساء آیت 12 میں ترکہ کی تقسیم کا طریق کار اور عورتوں اور مردوں کے حصے مقرر کرتے ہوئے آخر میں فرمایا کہ یہ خدا کی طرف سے ایک فریضہ ہے جو تم نے ادا کرنا ہے۔

اسی طرح نساء کی آیت 13 میں مزید حصے اور ان کی تقسیم کا طریقہ کار بیان کرنے کے بعد فرمایا۔

کہ دیکھو یہ خدا کی طرف سے تمہیں تاکیدی حکم ہے اور یہ خدائی وصیت ہے جس میں ردوبدل کا تمہیں کوئی اختیار نہیں۔

پھر آیت نمبر 15, 14 میں ان احکام وراثت کو ''حدود اللہ'' قرار دے کر عظیم الشان انعامات کی خوشخبری دی کہ یہ خدا کی حدیں ہیں جو ان حدود میں رہے گا اور اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرے گا تو خدا تعالیٰ اسے اپنی رضا کی ابدی جنتوں میں داخل کرے گا اور یہ ایک عظیم الشان کامیابی ہے اور ساتھ ہی آیت 15 میں شدید انذار بھی فرما دیا کہ

جو خدا اور اس کے رسول کی اطاعت نہیں کرے گا اور اس کی قائم کردہ حدود سے تجاوز کرے گا اسے خدا ہمیشہ ہمیش کے لئے جہنم میں ڈال دے گا اور اس کے لئے عذاب مھین۔ رسوائی کا عذاب مقدر ہے۔

بہرحال یہ مسئلہ حقوق العباد سے تعلق رکھتا ہے۔ ایسے حقوق سے جنہیں خدا تعالیٰ نے اپنے بندوں اور بندیوں کے لئے خود مقرر فرمایا ہے۔ جب تک ان کی ادائیگی صحیح طور پر نہ ہو۔ حقوق اللہ بھی کچھ فائدہ نہیں دیتے۔ خواہ انسان کتنی عبادتیں کرے۔ چندے دے، روزے رکھے، نوافل اور تہجد ادا کرے۔ حضرت مسیح موعود اور آپ کے خلفاء نے بھی حقوق اللہ کی ادائیگی کے ساتھ ساتھ حقوق العباد پر بہت زور دیا ہے اور شدید انذار بھی فرمایا ہے۔

حضرت اقدس مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

''صفات حسنہ اور اخلاق فاضلہ کے دو ہی حصے ہیں اور وہی قرآن شریف کی پاک تعلیم کا خلاصہ اور لب لباب ہیں۔ اول یہ کہ حق اللہ کے ادا کرنے میں عبادت کرنا فسق وفجور سے بچنا اور کل محرمات الٰہی سے پرہیز کرنا اور اوامر کی تعمیل میں کمربستہ رہنا۔ دوم یہ کہ حق العباد ادا کرنے میں کوتاہی نہ کرے اور بنی نوع انسان سے نیکی کرے۔ بنی نوع انسان کے حقوق بجا نہ لانے والے لوگ خواہ حق اللہ کو ادا کرتے ہی ہوں بڑے خطرے میں ہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ تو ستار ہے، غفار ہے، رحیم ہے اور حلیم ہے اور معاف کرنے والا ہے۔ اس کی عادت ہے کہ اکثر معاف کر دیتا ہے مگر بندہ (انسان) کچھ ایسا واقع ہوا ہے کہ کبھی کسی کو کم ہی معاف کرتا ہے۔ پس اگر انسان اپنے حقوق معاف نہ کرے تو پھر وہ شخص جس نے انسانی حقوق کی ادائیگی میں کوتاہی کی ہو یا ظلم کیا ہو خواہ اللہ تعالیٰ کے احکام کی بجا آوری میں کوشاں ہی ہو اور نماز، روزہ وغیرہ احکام شرعیہ کی پابندی کرتا ہی ہو۔ مگر حق العباد کی پروا نہ کرنے کی وجہ سے اس کے اور اعمال بھی حبط ہونے کا اندیشہ ہے۔

غرض مومن حقیقی وہی ہے جو حق اللہ اور حق العباد دونوں کو پورے التزام اور احتیاط سے بجا لاوے۔ جو دونوں پہلوؤں کو پوری طرح سے مدنظر رکھ کر اعمال بجا لاتا ہے وہی ہے کہ پورے قرآن پر عمل کرتا ہے ورنہ نصف قرآن پر ایمان لاتا ہے''۔

(ملفوظات جلد 5 ص 572)

پھر فرمایا:۔

''خدا تعالیٰ نے دو ہی قسم کے حقوق رکھے ہیں۔ حقوق اللہ اور حقوق العباد۔ جو شخص حقوق العباد کی پروا نہیں کرتا وہ آخر حقوق اللہ کو بھی چھوڑ دیتا ہے کیونکہ حقوق العباد کا لحاظ رکھنا یہ بھی تو امر الٰہی ہے جو حقوق اللہ کے نیچے ہے پس آئندہ کے لئے یاد رکھو کہ حقوق اخوت کو ہرگز نہ چھوڑو، ورنہ حقوق اللہ بھی نہ رہیں گے''۔ (ملفوظات جلد 4 ص 270)

پھر فرمایا کہ جو مخلوق کا حق دباتا ہے وہ ایسا ظالم ہے کہ عالم بالا پر اس کی دعا بھی نہیں سنی جائے گی۔

''تم ایسے ہو جاؤ کہ نہ مخلوق کا حق تم پر باقی رہے نہ خدا کا۔ یاد رکھو جو مخلوق کا حق دباتا ہے اس کی دعا قبول نہیں ہوتی، کیونکہ وہ ظالم ہے''۔

(ملفوظات جلد دوم ص 195)

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع فرماتے ہیں:۔

''انسان اگر یہ کہے یا یہ سمجھے کہ میں بہت ہی عبادت کرنے والا ہوں، بہت ہی روزے رکھنے والا ہوں تو یہ اس کی غلط فہمی ہے۔ آنحضرت ﷺ نے ایسے غلطی خوردہ کی غلطی کو ہمیشہ کے لئے یہ فرما کر دور کر دیا کہ مومن وہ نہیں ہے جو صرف عبادت کرے اور روزے رکھے بلکہ مومن وہ ہے جس کے شر سے انسان، ان کا خون اور ان کے اموال بھی محفوظ ہوں۔ (صحیح بخاری کتاب الایمان باب المسلم من سلم المسلمون) تو حقیقت یہ ہے کہ حقوق العباد کے سوا حقوق اللہ ادا ہو نہیں سکتے اور حقوق اللہ ادا کرنے والے انسان کبھی بھی حقوق العباد سے غافل نہیں ہو سکتے۔ (خطبات طاہر جلد 2 ص 602)

آنحضور ﷺ کا اسوۂ حسنہ

اس ضمن میں پیارے آقا محمد مصطفیٰ احمد مجتبیٰ ﷺ کا عملی نمونہ یہ ہے کہ آپ حقوق العباد قائم کرنے کے لئے کس قدر بے تاب و بے چین رہتے تھے اور خدائی حکم کے منتظر اور جب وہ احکام نازل ہو جاتے تو ان کو عملی جامہ پہنانے میں ہرگز دیر نہ فرماتے۔

حضرت اوسؓ فوت ہوئے۔ پھر حضرت سعد بن ربیعؓ جنگ احد میں شہید ہوئے تو ان کی بیویاں آنحضورؐ کے پاس آئیں اور کہا کہ ان کی جائیدادوں پر دوسرے رشتہ داروں نے قبضہ کر لیا ہے۔

حضرت سعدؓ کی بیوی نے آکر اس رنگ میں اپنے دکھ کا اظہار کیا کہ یا رسول اللہ یہ دونوں لڑکیاں سعد بن ربیعؓ کی ہیں جو احد کی جنگ میں آپ کے ساتھ (گیا تھا) اور شہید ہو گیا۔ اب ان کے چچا نے ان کا مال لے لیا ہے اور ہمارے لئے کچھ بھی نہیں چھوڑا۔ جس کی وجہ سے ان سے نکاح بھی کوئی نہیں کرتا۔ آپ ﷺ نے دونوں خاندانوں کو صبر کی تلقین فرمائی اور فرمایا خدائی فیصلہ کا انتظار کریں''۔

چنانچہ جونہی ورثہ کے احکام نازل ہوئے تو آپ نے فوراً حضرت اوسؓ کے بھائیوں کو کہلا بھیجا کہ اللہ تعالیٰ نے ترکہ کی جائیداد میں عورتوں کا حصہ معین طور پر مقرر فرما دیا ہے۔ اس لئے اب تم 2/3 حصہ اوسؓ کی بچیوں کو اور 1/8 اس کی بیوی کو دے دو اور جو باقی بچے وہ تمہارا ہے۔

اسی طرح حضرت سعد بن ربیع کے مال کی تقسیم کے بارہ میں خود فیصلہ فرمایا اور بچیوں کے چچا (یعنی سعد کے بھائی) کو بلا کر ہدایت فرمائی کہ سعد کی دونوں بیٹیوں کو 2/3 حصہ دے دو اور 1/8 ان کی والدہ یعنی سعد کی بیوی کو اور جو باقی بچے وہ تیرا ہے۔

(ترمذی ابواب الفرائض)

گویا اس طرح آپ نے اپنے عملی نمونہ سے ورثہ میں سے عورتوں کو ان کے حقوق دلوائے اور مذاہب کی تاریخ میں ایک نئی اور عظیم الشان روایت وتاریخ کا اضافہ فرمایا۔ خدا کی قسم روئے زمین پر مذاہب کی تاریخ میں یہ پہلا دن تھا۔ جب کائنات کا مقصود، رسولوں کا فخر، نبیوں کا سرتاج، سید ولد آدم حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ حقوق العباد میں سے کمزور ترین اور دنیا میں ہمیشہ کمزور سمجھا جانے والا طبقۂ نسواں کے حقوق قائم فرما رہا تھا اور ان کے حق ان کو دلوا رہا تھا۔ یہ ایسا بے مثال نظارہ تھا کہ جب سے یہ کائنات وجود میں آئی روئے زمین پر آسمان کی آنکھ نے ایسا نظارہ کبھی نہ دیکھا تھا اور نہ بعد میں دیکھ سکے گی۔

حضرت خلیفۃ المسیح الاول ورثہ میں عورتوں کے حقوق کے بارہ میں فرماتے ہیں:۔

''فرماتا ہے کہ ہم علیم خدا ہیں۔ سمجھ بوجھ کر حصص مقرر کئے ہیں اور وصیتوں کے بدلانے کو بھی سنتے ہیں۔ چنانچہ فرماتا ہے۔ ومن یعص اللّٰہ

(النساء: 15)

فمن بدلہ: اب سن لو کہ کیا کچھ تبدیل کیا گیا ہے۔ سب سے اول تو یہ کہ لڑکیوں کو ورثہ نہیں دیا جاتا۔ خدا تعالیٰ نے عورت کو بھی حرث فرمایا ہے اور زمین کو بھی۔ ایسا ہی زمین کو بھی ارض فرماتا ہے اور عورتوں کو بھی۔

فانما اثمہ: چنانچہ اس کا نتیجہ دیکھ لو کہ جب سے ان لوگوں نے لڑکیوں کا ورثہ دینا چھوڑا ہے ان کی زمینیں ہندوؤں کی ہو گئی ہیں۔ جو ایک وقت سو گھماؤں زمین کے مالک تھے اب دو بیگھہ کے بھی نہیں رہے۔ یہ اس لئے کہ صریحاً النساء آیت 15 میں فرمایا ولہ عذاب مھین اس سے زیادہ اور کیا ذلت ہوگی۔

عورتوں پر جوظلم ہورہا ہے وہ بہت بڑھ گیا ہے۔ باوجود اس کے وراثت کا ظلم بہت بڑھ رہا ہے۔ پھر دوسرا یہ کہ بعض ظالم عورت کو نہ رکھتے ہیں نہ طلاق دیتے ہیں۔ (حقائق الفرقان جلد اول ص 300)

انہی حقوق العباد کے بارہ میں خواہ وہ مردوں کے ہوں یا عورتوں کے۔ ورثہ کے بارہ میں ہوں یا غیر ورثہ کے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ان حقوق کو دبانے والوں اور ادا نہ کرنے والوں کو انتباہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں:۔

مغفرت کا تعلق اصل میں انصاف سے ہے۔ مغفرت کہتے ہیں حق چھوڑنے کو۔ یعنی اس کی روح یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنا حق بندہ کے لئے چھوڑ دیتا ہے ورنہ گناہگار انسان تو خدا کی چھری کے نیچے آچکا وہ جب چاہے چلے اس کو کوئی روک نہیں سکتا مگر وہ چھری رکی رہتی ہے۔ خدا اپنا حق نہیں دیتا۔ اس کا نام مغفرت ہے۔ تو جو لوگ بجائے اس کے کہ اپنا حق چھوڑیں وہ ظلم سے دوسرے کا حق لیتے ہیں وہ مغفرت کے نیچے کس طرح آسکتے ہیں۔ جن کی چھری ناحق بھی دوسروں پر چلتی ہے۔ ظالم لوگ ناطاقت لوگوں پر غاصبانہ قبضہ کرتے ہیں اور سمجھتے ہیں ہمیں ایک بہت عظیم الشان قوت حاصل ہوگئی۔ اس نے ہمارا کیا کرلیا۔ ہماری طاقت زیادہ ہے یہ کچھ بھی ہمارا بگاڑ نہیں سکا۔ وہ دنیا کی زندگی کے چند دن اس کی جائیداد کھاتے ہیں اور بظاہر مزے اڑا رہے ہوتے ہیں۔ لیکن حقیقت میں اگر آپ ان کی زندگیوں پر نظر ڈالیں تو وہ مزے دنیا کی ظاہری آنکھ کے مزے ہیں۔ لیکن کرتے کیا ہیں۔ وہ اپنی چھری لوگوں سے روکنے کی بجائے ناجائز ان کی گردنوں پر چھریاں پھیر رہے ہوتے ہیں۔ ایسے لوگوں سے مغفرت کا سلوک ہو کیسے سکتا ہے؟ یہ سوال ہی نہیں پیدا ہوتا۔ یہ بات عقل کے خلاف ہے کہ تم اپنا حق تو نہ چھوڑو خدا کی خاطر اور لوگوں کے حق غصب کرو۔ بے پرواہی کرتے ہوئے اپنے رب سے اور پھر توقع یہ رکھو کہ جو تم نے خدا کے حق مارے ہوئے ہیں جب خدا کے حضور حاضر ہوگے تو وہ اپنے حق تمہیں چھوڑ دے گا۔ یہ نہیں ہوسکتا۔ قرآن کریم کا سارا نظام ہمیں یہ بتا رہا ہے کہ یہ بات جھوٹی، یہ تصور جھوٹا ہے۔ دنیا میں جو رحم کرتا ہے اس پر رحم کیا جائے گا۔ جو خدا کی خاطر مغفرت کرتا ہے اس سے مغفرت کی جائے گی۔ جو بنی نوع انسان کے حقوق ادا کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے حقوق ادا فرمائے گا۔ اپنی جنت بنانی یا بگاڑنی ہمارے اپنے ہاتھوں میں ہے

پس یہ چیزیں جو ہمارے معاشرہ میں جڑ پکڑ رہی ہیں لوگوں کو چاہئے کہ وہ اس طرف توجہ کریں۔ میں خوب کھول کر جماعت کے سامنے بیان کر دیتا ہوں کہ آپ کو نیک کاموں کی توفیق مل ہی نہیں سکتی جب تک ان مصیبتوں سے نجات نہ پائیں۔

(خطبات طاہر جلد اول ص 272)

پھر ہمارے پیارے امام خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز عورتوں کے ورثہ کے حقوق کے بارے میں فرماتے ہیں:۔

"لوگ عورتوں کے حقوق ادا نہیں کرتے۔ وراثت کے حقوق اور ان کا شرعی حصہ نہیں دیتے اب بھی یہ بات سامنے آتی ہے۔ برصغیر میں اور جگہوں پر بھی ہوگی کہ عورتوں کو ان کا شرعی حصہ نہیں ملتا جاتا۔ وراثت میں ان کو جو ان کا حق بنتا ہے نہیں ملتا اور یہ بات نظام کے سامنے تب آتی ہے جب بعض عورتیں وصیت کرتی ہیں تو لکھ دیتی ہیں مجھے وراثت میں اتنی جائیداد تو ملی تھی لیکن میں نے اپنے بھائی کو یا بھائیوں کو دے دی اور اس وقت میرے پاس کچھ نہیں ہے۔ اب اگر آپ گہرائی میں جا کر دیکھیں، جب بھی جائزہ لیا گیا تو پتہ یہی لگتا ہے کہ بھائی نے یا بھائیوں نے حصہ نہیں دیا اور اپنی عزت کی خاطر یہ بیان دے دیا کہ ہم نے دے دی ہے یا کبھی ایسا بھی ہو جاتا ہے کہ بھائی یا دوسرے ورثاء بالکل معمولی سی رقم اس کے بدلہ میں دے دیتے ہیں حالانکہ اصل جائیداد کی قیمت بہت زیادہ ہوتی ہے تو ایک تو یہ ہے کہ وصیت کرنے والے، نظام وصیت میں شامل ہونے والے، ان سے بھی حضرت مسیح موعود نے تقویٰ کے اعلیٰ معیار کی امید رکھی ہے اس لئے ان کو ہمیشہ قول سدید سے کام لینا چاہئے اور حقیقت بیان کرنی چاہئے کیونکہ جو نظام وصیت میں شامل ہیں تقویٰ کے اعلیٰ معیار اور شریعت کے احکام کو قائم کرنے کی ذمہ داری ان پر دوسروں کی نسبت بہت زیادہ ہے۔ اس لئے جو بھی حقیقت ہے، قطع نظر اس کے کہ آپ کے بھائی پر کوئی حرف آتا ہے یا ناراضگی ہو یا نہ ہو، حقیقت حال جو ہے وہ بہرحال واضح کرنی چاہئے تاکہ ایک تو یہ کہ کسی کا حق مارا گیا ہے تو نظام حرکت میں آئے اور ان کو حق دلوایا جائے۔ دوسرے ایک چیز جو اللہ تعالیٰ نے ان کو دی ہے شریعت کی رو سے اس سے وہ اپنے آپ کو کیوں محروم کر رہی ہیں اور صرف یہی نہیں کہ اپنے آپ کو محروم کر رہی ہیں بلکہ وصیت کے نظام میں شامل ہو کے جو ان کا ایک حصہ ہے اس سے خدا تعالیٰ کے لئے جو دینا چاہتی ہیں اس سے بھی غلط بیانی سے کام لے کہ وہاں بھی صحیح طرح ادائیگی نہیں کر رہیں۔ تو اس لئے یہ بہت احتیاط سے چلنے والی بات ہے۔ وصیت کرتے وقت سوچ سمجھ کر یہ ساری باتیں واضح طور پر لکھ کے دینی چاہئیں"۔

(خطبات مسرور جلد اول ص 116,115)

حضرت مصلح موعود خلیفۃ المسیح الثانی نے ایک دفعہ جلسہ سالانہ کے موقعہ پر جماعت کو اس طرف توجہ دلائی تھی اور اس وقت تمام حاضرین جلسہ کو کھڑا کر کے یہ عہد لیا تھا کہ وہ اپنے بیٹیوں، بیویوں اور ماؤں کو ورثہ میں سے وہ حصہ دیں گے جو شریعت نے ان کے لئے مقرر کیا ہے۔ خطاب کا وہ حصہ احباب جماعت کے لئے پیش کیا جاتا ہے تا وہ بھی اس عہد کی پاسداری کریں جو ان کے بزرگوں نے عہد باندھا تھا۔

فرمایا اس سلسلہ میں پہلا قدم ان امور کی اصلاح ہے جو ظاہر و باہر ہیں۔ آج میں ان میں سے ایک امر آپ لوگوں کے سامنے پیش کرنا چاہتا ہوں۔ اس کو اگر ہم اختیار کرلیں تو یقیناً ہمارے راستہ میں کوئی روک نہیں۔ صرف لوگوں کی بے دینی، ناواقفی اور سستی اس راہ میں حائل ہے۔ یعنی کسی کے لئے سستی، کسی کے لئے ناواقفی اور کسی کے لئے بے دینی اس مسئلہ پر عمل کرنے میں روک بنی ہوئی ہے۔ ورنہ کوئی وجہ نہیں کہ آج ہی ہماری ساری جماعت یہ فیصلہ نہ کرلے کہ کل اس میں وہ بدی نہیں ہوگی۔ وہ ایک قومی گناہ ہے جس کا ارتکاب کیا جا رہا ہے اور وہ یہ کہ ہمارے ملک میں زمینداروں میں بالعموم ورثہ کے مسئلہ پر عمل نہیں کیا جاتا۔ آج پچاس سال جماعت احمدیہ کو قائم ہوئے گزر گئے ہیں مگر ابھی تک ہماری جماعت میں لڑکیوں کو اپنی جائیدادوں میں سے وہ حصہ نہیں دیا جاتا جو خدا اور رسول نے ان کے لئے مقرر کیا ہے۔ میرا یہ مطلب نہیں کہ کہیں بھی اس پر عمل نہیں ہوتا خود ہم نے اپنی والدہ اور بہنوں کو ان کا حصہ دیا ہے اور جھوٹا ہے وہ شخص جو کہتا ہے کہ ہم نے اپنی بہنوں کو حصہ نہیں دیا۔ لیکن جماعت میں کثرت سے ایسے لوگ موجود ہیں جو اس حکم پر عمل نہیں کرتے اور اپنی لڑکیوں، اپنی بہنوں، اپنی بیویوں اور اپنی ماؤں کو ورثہ میں وہ حصہ نہیں دیتے جو شریعت نے ان کے لئے مقرر کیا ہے۔ مگر میں پوچھتا ہوں اس مسئلہ پر عمل کرنے میں کیا روک ہے؟ سوائے اس کے کہ تم یہ کہو کہ ہمارے ہاں رواج نہیں۔ اس کا اور کوئی جواب تم نہیں دے سکتے کیا یہ شرم کی بات نہیں کہ آج یوپی کا ہر غیر احمدی تو اس پر عمل کرتا ہے اسی طرح صوبہ سرحد میں مسلمانوں نے اپنی مرضی سے ایسا قانون بنوایا ہے جس پر چل کر ہر شخص شریعت کے مطابق اپنی جائیداد تقسیم کرنے کے لئے مجبور ہے مگر وہ احمدی جس کا یہ دعویٰ ہے کہ وہ اس زمین کو بدل کر ایک نئی زمین بنائے گا اور اس آسمان کو بدل کر ایک نیا آسمان بنائے گا وہ اپنی بیٹیوں، اپنی بہنوں، اپنی بیویوں اور اپنی ماؤں کو وہ حصہ نہیں دیتا جو شرعاً انہیں ملنا چاہئے۔ میں سمجھتا ہوں زمینداروں کو یہ خطرہ ہوتا ہے کہ اس طرح ہماری پیدا کردہ جائیداد دوسرے لوگوں کے قبضہ میں چلی جائے گی لیکن جب ساری جماعت اس مسئلہ پر عمل کرے گی تو یہ مشکل بھی جاتی رہے گی کیونکہ اس کی جائیداد دوسرے کے قبضہ میں جائے گی تو دوسرے کی جائیداد اس کے قبضہ میں بھی تو آئے گی۔ پس اس مسئلہ پر عمل کرنے میں کوئی حقیقی روک نہیں ہے اور میں سمجھتا ہوں اب وقت آگیا ہے کہ ہر مخلص اقرار کرے کہ آئندہ وہ اس کی پابندی کرے گا اور اپنی بیٹی، اپنی بہن، اپنی بیوی اور اپنی ماں کو وہ حصہ دے گا جو شریعت نے انہیں دیا ہے اور اگر وہ اس کی پابندی کرنے کے لئے تیار نہیں تو وہ ہم سے الگ ہو جائے۔ پس آئندہ پورے طور پر اپنی اپنی جماعتوں میں اس کی پابندی کرائی جائے اور جو لوگ اس مسئلہ پر عمل نہ کریں ان کے متعلق غور کیا جائے کہ ان کے لئے کیا تعزیر مقرر کی جاسکتی ہے اور اگر کوئی ہماری تعزیر کو برداشت کرنے کے لئے تیار نہ ہو تو ایسے شخص کو جماعت سے نکال دیا جائے تاکہ آئندہ کوئی شخص یہ نہ کہہ سکے کہ تمہارے ہاں شریعت کی ہتک ہوتی ہے۔

اب اس مسئلہ کی اہمیت سمجھانے کے بعد اور یہ ثابت کر دینے کے بعد کہ نئی زمین اور نیا آسمان اسی طرح بنایا جاسکتا ہے جب احیائے سنت اور احیائے شریعت کیا جائے۔ میں آج وہ بات کہتا ہوں جو پہلے کبھی نہیں کہی اور میں جماعت سے مطالبہ کرتا ہوں کہ آپ میں سے جو لوگ اس مسئلہ پر آئندہ عمل کرنے کے لئے تیار ہوں وہ کھڑے ہو جائیں (اس پر تمام حاضرین نے کھڑے ہو کر لبیک لبیک کہتے ہوئے اس کا اقرار کیا۔ اس کے بعد حضور نے فرمایا) دیکھو آج تم میں سے ہر شخص نے یہ اقرار کیا ہے کہ وہ دکھوں اور تکالیف کی کوئی پرواہ نہیں کرتے ہوئے اپنی مرضی سے خدا تعالیٰ کی محبت اور محمد ﷺ کی شریعت کے احیاء کے لئے طوعاً، بغیر کسی جبر و اکراہ کے اس امر کے لئے تیار ہے کہ وہ اپنی جائیداد سے اپنی لڑکیوں اور دوسری رشتہ دار عورتوں کو وہ حصہ دے گا جو خدا اور اس کے رسول نے مقرر کیا ہے۔ پس اس وقت چونکہ بحیثیت جماعت آپ لوگوں نے عمل کا اقرار کیا ہے، اس لئے یاد رکھیں کہ آئندہ اگر کوئی شخص اس پر عمل نہیں کرے گا تو اس سے قطع تعلق کا حکم دیا جائے گا یا کوئی اور سزا دی جائے گی جو ہمارے امکان میں ہے اور اگر وہ سزا برداشت کرنے کے لئے تیار نہ ہوا تو اسے جماعت سے الگ کر دیا جائے گا۔

(انقلاب حقیقی۔ انوار العلوم جلد 15 ص 107 تا 109)

پس یہ عورتوں کے ورثہ ادا کرنے کی تعلیم اور تاکید اس لئے ہے کہ ہم نے ساری دنیا میں دین کو زندہ کرنا اور قائم کرنا ہے اور قرآن کریم کے ہر حکم کی پابندی کرنی بھی ہے اور دوسروں سے کروانی بھی ہے اور کسی بھی چھوٹے سے چھوٹے حکم قرآنی کو اپنی سستیوں اور غفلتوں کی بھینٹ نہیں چڑھانا۔ جیسا کہ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث فرماتے ہیں:۔

"پس قرآن کریم کا ہر ایک حکم واجب العمل ہے۔ اگر خدا تعالیٰ کی رضا حاصل کرنی ہو اور قرآن کریم کی ہر نہی (ہر وہ بات جس سے قرآن کریم روکتا ہے اس) سے بچنا ضروری ہے۔ اگر ہم رضاء الٰہی کو حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ پس یہ کوئی معمولی چیز نہیں ہے جس کی طرف میں جماعت کو متوجہ کر رہا ہوں"۔

(خطبات ناصر جلد اول ص 207)

اور پھر جیسا کہ حضرت اقدس مسیح موعود نے ہمیں تعلیم دی ہے۔

سوتم ہوشیار رہو اور خدا کی تعلیم اور قرآن کی ہدایت کے برخلاف ایک قدم بھی نہ اٹھاؤ۔ میں تمہیں سچ سچ کہتا ہوں کہ جو شخص قرآن کے سات سو حکم میں سے ایک چھوٹے سے حکم کو بھی ٹالتا ہے وہ نجات کا دروازہ اپنے ہاتھ سے اپنے پر بند کرتا ہے۔

(کشتی نوح۔ روحانی خزائن جلد 19 ص 26)

پس اے مسیح موعود کی پیاری جماعت اپنے وجود میں قرآنی انوار کو (احکام قرآنی پر عمل کے ذریعہ) سمیٹ لو۔ پھر یہ نور تمہارے آگے بھی ہو، پیچھے بھی ہو، دائیں بھی ہو اور بائیں بھی ہو، تمہاری آنکھوں میں نور تمہارے دل میں نور، تمہارے چہروں اور پیشانیوں پر نور ہو اور تم دنیا کو اس نور کی طرف ان الفاظ میں بلانے والے ہو

آؤ لوگو کہ یہیں نور خدا پاؤ گے
لو تمہیں طور تسلی کا بتایا ہم نے

درّہ کچی کھنی کا دلفریب ہائیکنگ ٹریک

چترال سے سوات تک کا یہ ٹریک خوبصورتی اور دلکشی میں سند کا درجہ رکھتا ہے

اعجاز احمد کلیم صاحب

پاکستان کے شمال کو کوہساروں کی سرزمین کہیں تو بے جا نہ ہوگا۔ پہاڑوں کی پتھریلی رنگت برفوں کی سفیدی میں گھلی ہوئی ہے۔ ان پربتوں کے منتخب روزگار حسن میں دل و دماغ یوں کھو جاتا ہے کہ جیسے کسی فسوں ساز کا طلسم کدہ ہو۔ چشم انسان نے یہ من موہن نظارے کب دیکھے ہیں۔ کانوں نے ندیوں کے ایسے مدھ بھرے گیت کب سنے ہیں کہ محسوس ہو جیسے مطرب نے ساز کے تاروں کو چھیڑ دیا ہو۔ گلوں کی مدہوش کر دینے والی باس نے سانسوں کو کب مہکایا۔ ان یکہ و تنہا وادیوں میں زمانۂ حال سادہ، پُرامن اور آسودہ ہے۔

اس علاقے میں ٹریکنگ اپنے اندر انفرادیت کا عنصر لئے ہوئے ہے۔ تنگ پگڈنڈیاں جو کسی گلیشیئر یا درّے کی طرف راہنمائی کرتی ہیں جن کو عبور کرنے کے بعد بہشت بریں سے مشابہ ایسے مقامات ہیں جہاں ایک نئی تہذیب پروان چڑھ رہی ہے ان کے رسوم و رواج اور ثقافت انسان کو ورطۂ حیرت میں ڈال دیتے ہیں اور شوق جستجو اور کھوج کی نئی روح پھونکتے ہیں اور انسان بے اختیار اس جانب یوں کھنچا چلا جاتا ہے۔ جیسے لوہا مقناطیس کی طرف اگر جذبہ صادق ہے تو اسے کوئی بھی ان وادیوں تک پہنچنے سے روک نہیں سکتا۔ جہاں مسندگل پر پریاں اترتی ہیں اور یاکوں کے غول بلندیوں کے افسانے بیان کرتے ہیں۔

گرمیوں کے آغاز کے ساتھ ہی ٹریکنگ کے شوقین حضرات کا ذہن ہمالیہ، قراقرم اور ہندوکش کے پہاڑی سلسلوں میں گم ہو جاتا ہے اور نئے علاقوں کو دیکھنے کا شوق دل و دماغ پر نشہ بن کر چھانے لگتا ہے۔ ذیل میں ایسے ہی ایک ٹریک کی تفصیل پیش خدمت ہے۔ جو نہ صرف دل و نظر کے لئے سامان نشاط فراہم کرتا ہے۔ بلکہ ٹریکنگ کا شوق رکھنے والوں کے لئے مکمل طور پر طمانیت کا باعث بھی ہے۔

چار دن پر مشتمل یہ ٹریک چترال کے علاقے سورلاس پور سے شروع ہو کر وادی سوات میں مہوڈنڈ جھیل پر ختم ہوتا ہے۔

چترال روانگی

چترال جانے کے لئے ضروری ہے کہ آپ پہلے مردان جائیں جہاں سے تیمرگرہ کے لئے گاڑی آسانی سے دستیاب ہے۔ درہ مالاکنڈ تیمرگرہ اور دیر سے ہوتے ہوئے آپ چند گھنٹوں کے بعد درہ لواری (3118 میٹر) کو عبور کریں گے۔ ڈھول سے اٹی ہوئی چکردار سڑک پر یہ سفر یقیناً پُرمشقت ہے۔ لیکن راستے کا حسن اور دلکشی تھکاوٹ کا احساس نہیں ہونے دیتے۔

درہ لواری کے بعد دروش اور آیون سے ہوتے ہوئے آپ چند گھنٹوں میں چترال پہنچ جاتے ہیں۔ چترال تقریباً 1475 میٹر کی بلندی پر پاکستان کے شمال مغربی کونے میں ایک بڑا قصبہ ہے۔ چترال کی 320 کلومیٹر لمبی وادی ہمیشہ سے چین اور وسطی ایشیا سے برصغیر کو شمال مغربی سمت سے آسان اور مختصر ترین راستہ فراہم کرتی رہی ہے۔ آپ ایک دن چترال میں رک کر چترال شہر دیکھ سکتے ہیں۔ اگرچہ چترال سے ناٹکو کی گاڑی گلگت کے لئے دستیاب ہے۔ لیکن بعض اوقات آپ ایسے وقت چترال پہنچتے ہیں جب گاڑی کا وقت نہیں ہے۔ تو مستوج کے لئے جیپ حاصل کی جاسکتی ہے۔ پانچ گھنٹوں کے اس سفر کا کرایہ ایک سو چالیس روپے ہے کوغذی ریشن اور چرون سے ہوتے ہوئے آپ تین گھنٹوں میں بونی پہنچتے ہیں۔ یہ ایک بڑا قصبہ ہے جو سڑک سے ہٹ کر ہے۔ بونی تک پکی سڑک ہے اس سے آگے کچے جیپ کے راستے کا آغاز ہوتا ہے۔ برفانی پہاڑوں کے دامن میں دریائے مستوج کے کنارے قدرتی مناظر تھکاوٹ کو قریب بھی نہیں پھٹکنے دیتے۔ بونی سے مزید دو گھنٹے بعد مستوج کے قریب ایک مقام پر لاسپور کا دریا، دریائے مستوج میں شامل ہو جاتا ہے۔ رات مستوج کے کسی ہوٹل میں بسر کی جاسکتی ہے۔ کرایہ بالکل مناسب ہے۔ مستوج ایک بڑا قصبہ ہے جہاں کلینک اور سکول موجود ہے۔ اگلے روز آپ سورلاسپور کے لئے جیپ حاصل کر سکتے ہیں۔

اگر شہر سے جیپ نہ ملے تو باہر پٹرول پمپ پر پیدل آجائیں اور چترال سے آنے والی کسی جیپ پر سورلاسپور کی طرف اپنے سفر کا آغاز کریں۔ اب تمام راستہ لاسپور کے دریا کے کنارے ہے۔ مسلسل بلندی کی طرف جاتی ہوئی سڑک پتھروں سے ٹکراتا اور جھاگ اڑاتا دریا اور دونوں اطراف میں بلند پہاڑوں سے نیچے آتی برف کی لکیریں اس وادی کے حسن کو چار چاند لگا رہی ہیں۔ ہرچین اور بروک سے ہوتے ہوئے آپ سورلاسپور پہنچتے ہیں جو درّہ کچی کھنی کے ٹریک کا نقطہ آغاز ہے۔ درّہ شندور (4734 میٹر) کے دامن میں سورلاسپور انتہائی سرسبز و شاداب اور آنکھوں کو تراوٹ بخشنے والا علاقہ ہے۔

آپ پولوگراؤنڈ میں سست روی سے بہتی ندی کے کنارے کیمپ کریں اور چند مقامی لوگوں کا بندوبست کریں جو سامان اٹھانے اور راستہ دکھانے کے علاوہ بھی ہر معاملے میں آپ کے معاون اور مددگار ثابت ہوں گے۔ یاد رہے ان کے بارے میں تسلی کرنا ضروری ہے کہ وہ راستے سے بخوبی واقف ہیں یا نہیں۔

پہلا دن

اگر صبح چار بجے سفر شروع کیا جائے تو سہ پہر تین بجے تک آپ پہلے کیمپ کو چھوڑ کر دوسرے کیمپ کے قریب پہنچ سکتے ہیں۔ پہلے پہل تو راستہ بالکل سیدھا ہے۔ آپ کو لاسپور دریا کے بائیں کنارے پر سفر کرنا ہے۔ راستے میں نلگر اور چولاٹ کی بستیاں دکھائی دیں گی۔ جو لاسپور دریا کے کنارے خوبصورت منظر پیش کرتی ہیں۔ نلگر میں سورلاسپور کے لوگوں نے اپنی فصلیں کاشت کر رکھی ہیں۔ نلگر سے آگے تمام راستہ چھوٹے بڑے پتھروں پر چلتے ہوئے طے ہوتا ہے۔ لاسپور کا دریا بدستور آپ کے حوصلے کی داد دیتے ہوئے آپ کے ساتھ ساتھ ہے۔ چار گھنٹوں کے سفر کے بعد آپ ایسی جگہ پہنچتے ہیں۔ جو دریائے باسکر اور دریائے کچی کھنی کا سنگم ہے۔ مقامی لوگ اس جگہ کو سوبر کہتے ہیں۔ یہاں وادی دو حصوں میں تقسیم ہوتی ہے۔ آپ کا راستہ بائیں طرف دریائے کچی کھنی کے ساتھ ہے۔ جبکہ دوسری وادی درّہ تھالو کی طرف راہنمائی کرتی ہے۔ جس کا اختتام دیر کے مقام پر ہوتا ہے۔ اس کے بعد آپ کا سفر دریا کے بالکل قریب اور بعض اوقات پانی کو چھوتے ہوئے ہے۔ راستہ قدرے تنگ ہے۔ بعض اوقات خوفناک اور چنگھاڑتے ہوئے دریا کے عین اوپر افقی سمت میں سفر کرنا پڑتا ہے۔ بڑا مسئلہ پھسلنے والے پتھر ہیں جو پاؤں رکھتے ہی پھسلنا شروع کر دیتے ہیں۔ اس لئے ذرا سنبھل کر محتاط انداز میں قدم اٹھائیں۔ تین سے چار گھنٹے مسلسل سفر کے بعد سرسبز جھاڑیوں کے قریب کیمپ کے لئے مناسب جگہ ہے۔ یہاں دونوں اطراف میں بلند پہاڑ ہیں۔ جبکہ جنوبی سمت میں سامنے کی طرف قدرے فاصلے پر برف پوش پہاڑ ہیں جن سے برفیں نیچے تک جھکی پڑی ہیں۔

دوسرا دن

دوسرے دن آپ کو صرف پانچ سے چھ گھنٹے چلنا ہے۔ آج کا دن بہت شدید ہے کیونکہ آج تمام تر سفر پتھروں پر طے ہوگا۔ تقریباً ڈیڑھ دو گھنٹے کے بعد آپ خنزاؤز نامی جگہ پر پہنچتے ہیں جو کہ ہر طرف سے برفانی پہاڑوں سے گھری ہوئی ہے یہاں پہنچ کر انسان قدرت کی رعنائیوں پر بے اختیار مسکرا اٹھتا ہے اور انسان کا ذات باری تعالیٰ پر بھروسہ اور بڑھ جاتا ہے۔

اس جگہ کو کچی کھنی کے ٹریک میں بیس کیمپ (Base Camp) کی حیثیت حاصل ہے۔ عام طور پر لوگ یہاں کیمپ کرتے ہیں لیکن آپ کی منزل ابھی دور ہے تاکہ اگلے دن کی مشقت کو کم کیا جاسکے۔ خنزاؤز کے فوراً بعد چڑھائی شروع ہوتی ہے۔ یہ چڑھائی چڑھتے وقت یہ احساس شدت سے ذہن پر غلبہ پاتا ہے کہ اس مصیبت میں پڑنے کی کیا ضرورت تھی کیونکہ پتھروں کو پھلانگتے ہوئے یہ خوفناک چڑھائی زبردست آزمائش ثابت ہوتی ہے۔ تقریباً ڈیڑھ گھنٹے کے بعد آپ کچی کھنی کے گلیشیئر کے ساتھ اپنے آپ کو انتہائی بائیں جانب رکھتے ہوئے پتھریلی پگڈنڈی پر چلیں گے۔ بلندی اپنا اثر دکھا رہی ہے کیونکہ لطیف ہوا میں سانس لینا ذرا مشکل ہے۔ پگڈنڈی سے اتر کر کہیں کہیں برف کے قطعات سے بھی گزرنا پڑتا ہے۔ چار گھنٹے چڑھائی کے بعد آپ بعد از دوپہر اس مقام پر پہنچتے ہیں جہاں کچی کھنی کا گلیشیئر شروع ہوتا ہے۔ یہیں ریتلی جگہ پر برفوں کے پہرے میں کیمپ کے لئے بہترین جگہ ہے۔ اس جگہ پر شام کے وقت گہرے بادل ہلکے سرخ دکھائی دیتے ہیں اور برفانی چوٹیاں سونے کے ڈھیروں سے مشابہ ہیں۔ شفق کی روشنی سے یہ بلند و بالا کوہ یاقوت رمانی سے بنے معلوم ہوتے ہیں یہ دل موہ لینے والے مناظر دیکھ کر انسان بے اختیار یہ سوچنے پر مجبور ہو جاتا ہے کہ قدرت کے چہرے کا یہ حسین رخ انتہائی دلنشین ہے۔

تیسرا دن

تیسرا دن اس ٹریک میں خاص اہمیت کا حامل ہے۔ کیونکہ اس دن آپ نے درّہ کچی کھنی عبور کر کے وادی سوات میں پنجگال نامی بستی سے بھی ذرا آگے پہنچنا ہے سورج نکلنے سے پہلے شدید سردی میں اپنے سفر کی شروعات کریں۔ چند منٹوں میں ہی آپ کچی کھنی کے گلیشیئر پر ہوں گے ابتداء میں گلیشیئر کسی قدر پتھریلا ہے۔ لیکن اس کے بعد صاف برف پر نسبتاً آسان سفر ہے۔ صبح کا بڑھتا ہوا اجالا ہر لحظہ تاریکی پر غالب آ رہا ہے اور مشرقی سمت میں ہلکی سرخ روشنی ایک نئے دن کی نوید سنا رہی ہے۔ یقیناً یہ صبح، صبح بنارس سے زیادہ دلکش ہے۔ خنک ہوا بعض اوقات بدن پر کپکپی طاری کر دیتی ہے۔

مسلسل دو گھنٹوں بعد ہموار برف پر آسان چڑھائی چڑھتے ہوئے آپ درّے کی بلند ترین جگہ پر پہنچتے ہیں۔ یہاں ایک عجیب ہی منظر آپ کا منتظر ہے۔ یقیناً یہ منظر صرف ان خوش نصیب لوگوں کے لئے ہے۔ جنہوں نے یہاں پہنچنے کی یہ مشقت اٹھائی۔ سوات کی جانب برف کی سفید چادر اوڑھے پہاڑ جن کی چوٹیاں آسمان سے باتیں کرتی دکھائی دیتی ہیں۔ ہواؤں سے اٹھکھیلیاں کرتے بادلوں کے بیچوں بیچ دور چند قدرتی جھیلیں اور ان گنت چھوٹے بڑے مختلف اطراف میں

پھیلے ہوئے گلیشیئر جبکہ چترال کی جانب برف کا وسیع صحرا ہے۔ جس کے پار بھوری چٹانوں نے راستہ بند کر رکھا ہے۔

چندمنٹ آرام کے بعد درّے کی اترائی شروع ہوتی ہے۔ یہ اترائی 60° سے 70° پر نرم برف پر ہے۔ احتیاط کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑتے ہوئے برف پر راستہ بناتے ہوئے نیچے آئیں اور اس کو آسان ہرگز مت سمجھیں۔ کیونکہ دور بہت دور نیچے برف کا سفید فرش دکھائی دے رہا ہے۔ جیسے پاتال کی تہہ میں ہو۔ یہاں پہنچ کر ہوسکتا ہے آپ اپنے کو برا بھلا کہیں لیکن آپ کو آگے بڑھنا ہی ہے۔ نیچے پہنچ کر ایک وسیع برف کے سمندر پر اپنے قدموں کو گھوڑوں کو دوڑا دیں۔ بعض اوقات خوفناک گڑگڑاہٹ سے مشابہ آوازیں برف سے آتی ہیں۔ جن کو سن کر ایک بار انسان کانپ اٹھتا ہے۔ برفوں کے اس طلسم کدے میں اپنے نقش پا ثبت کرتے ہوئے آگے بڑھیں مسلسل برف پر سفر بعض اوقات اکتا دینے والی کیفیت پیدا کرتا ہے۔ تقریباً تین گھنٹے مزید چلنے کے بعد آپ ایک جھیل پر پہنچتے ہیں جو برفانی پہاڑوں کے دامن میں دعوت نظارہ دے رہی ہے۔ گہرے سبزی مائل پانی میں برفیں اندر تک اتری ہوئی ہیں اور بڑے بڑے برفانی تودے پانی میں موجود ہیں۔ ساکت پانی میں نیلگوں آسمان اور آوارہ بادلوں کا عکس آپ کو یقیناً یہ بات سوچنے پر مجبور کر دیتا ہے کہ شاید آپ کا تمام سفر اسی منظر کے لئے تھا اور اس کے سامنے سفر کی تمام تکالیف ہیچ ہیں۔ جھیل سے آگے آپ کا سفر بڑے بڑے پتھروں پر ہے۔ لیکن وہ بھی برف سے ڈھکے ہوئے ہیں۔ سوات کا دریا بڑے نالے کی صورت میں برفوں کی اوٹ سے اپنا چہرہ دکھا کر دوبارہ عظیم الشان برفوں میں جانے کہاں گم ہو جاتا ہے۔ گویا اپنی موجودگی کا احساس دلاتا ہے۔

جونہی برف ختم ہوتی ہے۔ آپ ایک اور جھیل پر پہنچتے ہیں۔ یہ جھیل ذرا چھوٹی لیکن خوبصورتی میں اپنی مثال آپ ہے جھیل کے کنارے برف کے قطعات مزید دلکشی کا باعث بنتے ہیں۔ کچی کھنی کی ان بے نام جھیلوں کو یقیناً بہت کم آنکھوں نے دیکھا ہے جو خوبصورتی کا زرنگار تاج اپنے سر پر سجائے مجسم سحر ہیں۔ اردگرد پربتوں کی بلند چوٹیوں کو بوسے دیتے بادل حقیقت کو خوابناک تاثر دیتے ہیں۔

جھیل سے آگے آپ کا تمام سفر سوات کے گداز سبزے کے میدانوں میں ہے۔ اچانک ایک موڑ مڑتے ہی قدرت کے سربستہ رازوں سے ایک راز کا پردہ اٹھتا ہے اور آپ ایک ایسی وادی میں پہنچتے ہیں جس کو دیکھ کر یہ خیال ضرور آپ کے دل میں آئے گا کہ شاید آپ نے منتہائے مقصود کو پا لیا ہے۔ بے پناہ سبزہ اور ہریالی اور کوہستانی آنگن کے درمیان شان دلربائی سے بہتی کئی شاخوں میں منقسم ندی اپنی جلوہ فروشیاں دکھا رہی ہے جس میں بالائے آب آسمان کا عکس ہے کہ جیسے آکاش اس وادی کی خوبصورتی کو سراہنے اور داد دینے کے لئے دھرتی پر اترا ہوا اس جگہ کو دیکھ کر انسان بے اختیار پکار اٹھتا ہے کہ ع

عقل حیراں ہے کہ دو آنکھوں سے کیا کیا دیکھوں

بادِ نسیم کے عطر بیز تھپیڑے فضا کو مزید معطر بنا رہے ہیں۔ اس جگہ کو خدا حافظ کہتے ہوئے آگے بڑھیں۔

تقریباً ایک گھنٹے کے بعد آپ چنگال نامی بستی پہنچتے ہیں۔ یہاں لوگ مال مویشی لے کر بیٹھے ہیں اور ستمبر کے وسط میں واپس نیچے لوٹ جاتے ہیں۔ یہ لوگ بہت مہمان نواز ہیں اور چائے اور لسی بطور تواضع پیش کرتے ہیں۔ چند منٹ ستانے کے بعد کچھ دور مزید چلیں اور کہیں بھی دریا کے کنارے کیمپ کریں۔

چوتھا دن

آج آپ کے ٹریک کا آخری دن ہے اس روز آپ نے مہوڈنڈ جھیل تک پہنچنا ہے۔ راستہ بالکل سیدھا ہے۔ آپ کا سفر برچ کے گھنے جنگلوں میں سوات کے دریا کے ساتھ ساتھ پگڈنڈیوں پر ہے۔ اب وادی قدرے سمٹ رہی ہے اور آپ دریا کے قریب ہوتے جا رہے ہیں۔ سامنے کی طرف ذرا فاصلے پر اونچے پائن کے درخت دکھائی دیتے ہیں۔ تقریباً ڈیڑھ گھنٹے کے بعد آپ دیوانگر نامی جگہ پر پہنچتے ہیں۔ یہاں سے ایک راستہ درّہ دردِرلی سے ہوتا ہوا گلگت کی وادی میں دریائے غذر کو جاتا ہے۔ اس کی پہچان یہ ہے کہ ایک پُرشور اور خوفناک نالہ بائیں طرف سے دریائے سوات میں گر کر اپنی تندی اور تیزی کو پھنکارتے ہوئے دریائے سوات کے حوالے کر دیتا ہے۔ آپ اس نالے کو ایک چھوٹے پل سے پار کرتے ہیں۔ یہاں بھی کچھ لوگ اپنے مویشیوں کے ساتھ موجود ہیں۔ یہاں سے راستہ ذرا دائیں طرف مڑتا ہے۔ یکلخت پگڈنڈیوں سے اتر کر آپ گھاس کے ایک بڑے میدان میں پہنچتے ہیں۔ وادی پھر قدرے وسعت اور کشادگی اختیار کر رہی ہے۔ جس میں کہیں کہیں پہاڑوں سے نیچے تک برفوں کی لکیریں ہیں دریا کے اس پار دور بلندی سے ڈونمیک کی آبشار نیچے گر رہی ہے۔ بظاہر دیکھنے پر آبشار کا پانی دھوئیں کی مانند ہی دکھائی دیتا ہے۔ بلندیوں سے پستی میں اتر کر یہ ایک گنگناتی ہوئی ندی کی صورت میں دریائے سوات میں یوں اترتی ہے کہ جیسے بچہ مہربان آغوش مادر میں۔ انسان بے اختیار محویت کے عالم میں اس کو تکنے جاتا ہے۔

اس جگہ سے آگے ایک اور وسیع سبزہ زار ہے۔ اس سبزہ زار پر چلتے ہوئے دریا آپ کا ہم سفر ہے۔ اس کی ہم نشینی میں آگے بڑھتے ہوئے ایک پتھریلے ٹیلے کے پیچھے سے اچانک ایک وسیع جھیل نمودار ہوتی ہے۔ اس جھیل کو عام طور پر اپر مہوڈنڈ کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے۔ دریا جھیل میں داخل ہونے سے پہلے دو ٹیلوں کے بیچ چنگھاڑتا ہوا گزرتا ہے۔ جس کے شور میں کان پڑی آواز بھی سنائی نہیں دیتی۔ ٹیلے سے اتر کر جھیل کے بائیں کنارے پتھروں سے پُر پگڈنڈی پر آجائیں۔ جھیل سارے جہاں کا حسن اور سندرتا اپنے اندر سمیٹے ہوئے ہے۔ جھیل کے پرلی طرف جیپ کی کچی سڑک کا آغاز ہوتا ہے۔ ہوسکتا ہے کہ بعض لوگ یہاں جیپ پر سیر کے لئے آئے ہوں۔ عموماً لوگ یہاں تک نہیں آتے۔ آدھ گھنٹہ دریا کی صحبت میں چلتے

(باقی صفحہ 11 پر)



وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 58639 میں بشیر احمد چیمہ

ولد نجیب احمد چیمہ قوم چیمہ پیشہ ملازمت عمر 24 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن گوٹھ سلطان احمد گوندل ضلع حیدرآباد بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 3-2-06 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/6000 روپے ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد بشیر احمد چیمہ گواہ شد نمبر 1 صباحت احمد باجوہ وصیت نمبر 37153 گواہ شد نمبر 2 مظفر احمد گوندل ولد سلطان احمد گوندل

مسل نمبر 58640 میں عرفان احمد چیمہ

ولد نجیب احمد چیمہ قوم چیمہ پیشہ طالب علم عمر 23 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن گوٹھ سلطان احمد گوندل ضلع حیدرآباد بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 14-3-06 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/1000 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد عرفان احمد چیمہ گواہ شد نمبر 1 صباحت احمد باجوہ ولد طارق احمد باجوہ گواہ شد نمبر 2 مظفر احمد گوندل ولد سلطان احمد گوندل

مسل نمبر 58641 میں قمر آفتاب احمد چیمہ

ولد آفتاب احمد چیمہ قوم چیمہ پیشہ طالب علم عمر 18 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن گوٹھ سلطان احمد گوندل ضلع حیدرآباد بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 2-2-06 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد قمر آفتاب احمد چیمہ گواہ شد نمبر 1 صباحت احمد باجوہ وصیت نمبر 37153 گواہ شد نمبر 2 مظفر احمد گوندل ولد سلطان احمد گوندل

مسل نمبر 58642 میں جہانگیر عامر

ولد عبدالغفور طارق قوم آرائیں پیشہ ملازمت عمر 27 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن نیو لیبر کالونی حیدرآباد بقائمی ہوش و حواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ 15-7-05 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/12000 روپے ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد جہانگر عامر گواہ شد نمبر 1 عبدالغفور طارق وصیت نمبر 32272 گواہ شد نمبر 2 ظفر اقبال ذکی وصیت نمبر 34647

مسل نمبر 58643 میں شفیق احمد گجر

ولد محبوب احمد گجر قوم گجر پیشہ سیلز مین عمر 34 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن گوٹھ لالو لاشاری ضلع حیدرآباد بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 1-1-06 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے۔ 1۔ ڈاٹسن مالیتی -/240000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/10000 روپے ماہوار بصورت سیلز مین مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد شفیق احمد گجر گواہ شد نمبر 1 شاہد احمد کھوکھر ولد غلام رسول کھوکھر گواہ شد نمبر 2 عمیر احمد سندھو ولد مبارک احمد سندھو

مسل نمبر 58644 میں طیبہ ذوالفقار

زوجہ ذوالفقار احمد باجوہ قوم راجپوت پیشہ خانہ داری عمر 23 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن نزد بائی پاس حیدرآباد بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 8-2-06 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے۔ 1۔ طلائی زیور 6 گرام مالیتی -/6000 روپے۔ 2۔ حق مہر بذمہ خاوند -/50000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ طیبہ ذوالفقار گواہ شد نمبر 1 ذوالفقار احمد باجوہ گواہ شد نمبر 2 مبارک احمد سندھو ولد چوہدری محمد شریف

مسل نمبر 58645 میں داؤد احمد

ولد مسعود احمد ججہ مرحوم قوم ججہ پیشہ ملازمت عمر 54 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن لطیف آباد حیدرآباد بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 1-2-06 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے۔ 1۔ موٹر سائیکل اندازاً مالیتی -/20000 روپے۔ 2۔ ترکہ والد سے ملی رقم -/25000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/8155 روپے ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد داؤد احمد گواہ شد نمبر 1 نسیم احمد ولد چوہدری فضل احمد گواہ شد نمبر 2 اقبال ولد سردار محمد

مسل نمبر 58646 میں عبدالماجد بھٹی

ولد عبدالغنی بھٹی قوم راجپوت پیشہ طالب علم عمر 15 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن لطیف آباد حیدرآباد بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 18-11-05 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/100 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد عبدالماجد بھٹی گواہ شد نمبر 1 ڈاکٹر محمود احمد ناصر وصیت نمبر 31869 گواہ شد نمبر 2 عبدالاحمد ولد عبدالماجد

مسل نمبر 58647 میں طاہرہ افضال

